ڈیرہ غازی خان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری

چیمبر ہاؤس، بلاک P، ڈیرہ غازی خان

فون نمبر: 064-9260503,9260507 ای میل: chamberofcommercedgk@gmail.com

Ref: DGKCC&I/CIR/ELECTION/131/2026 Dated: 15-07-2026

## سالانہ انتخابات ایگزیکٹو کمیٹی واعلیٰ عہدیداران ڈیرہ غازیخان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری برائے سال 2026-2028

السلام علیکم! تمام ممبر صاحبان جنرل باڈی چیمبر ہذا کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ایوانِ تجارت وصنعت ڈیرہ غازیخان کی ایگزیکٹو کمیٹی کا اجلاس مورخہ 15-07-2026 بروز بدھ بوقت 3:00 بجے دن ایوان کے دفتر واقع ہاؤس نمبر 3، بلاک پی، ڈیرہ غازیخان میں زیرِ صدارت جناب سردار ذولفقار علی خان نصوحہ صدر ایوان منعقد ہوا جسمیں چیمبر کے انتخابات برائے سال 2026-2028 کے الیکشن شیڈول کی منظوری دی گئی۔ شیڈول کی رو سے امسال چیمبر میں خالی ہونے والی کارپوریٹ کلاس کی 13 اور ایسوسی ایٹ کلاس کی 13 نشستوں (کل 26 عدد) پر انتخاب عمل میں لایا جائے گا ایگزیکٹو کمیٹی کے انتخاب میں خاتون امیدوار بھی خواتین کی 2 محفوظ نشستوں پر حصہ لے سکتی ہیں۔ ایگزیکٹو کمیٹی کے منتخب اراکین میں سے صدر، سینئر نائب صدر اور نائب صدر کا انتخاب عمل میں لایا جائے گا۔ واضح رہے کہ چیمبر کی ایگزیکٹو کمیٹی سے اس مرتبہ سبکدوش ہونے والے اراکین یا انکے نمائندہ ادارے کی جانب سے دیگر افرد آئندہ دو 2 سال تک چیمبر کے الیکشن میں حصہ نہیں لے سکتے۔ اسی طرح سبکدوش ہونے والے عہدیداران بھی مزید دو 2 سال کے لئے چیمبر میں کسی عہدے کے امیدوار نہیں ہو سکتے۔ اس سال اپنی دوسالہ مدت پوری کر کے ریٹائر ہونے والے اراکین ایگزیکٹو کمیٹی اور اعلیٰ عہدیداران کی تفصیل درج ذیل ہے۔

کارپوریٹ کلاس:- محمد انیس خواجہ، محمد اورنگ زیب، ڈاکٹر محمد حارث، خلیل احمد خان، خواجہ محمد ارشد، زاہد نظام، مرغوب علی بٹ، شاہد حمید خان چانڈیہ، محمد شہباز یوسف، محمد لطیف خان، شیخ فیاض احمد، عبداللہ درانی

ایسوسی ایٹ کلاس:- ذوالفقار علی خان، شیخ محمد آصف، محمد سلیم، مرزا محمد آصف اقبال، محمد ناصر سلطان، محمد نوید حسین، خلیل احمد کھوسہ، اشفاق سرور دستی، محمد طاہر معراج، محمد کاشف صدیق، محمد خورشید اقبال رند، احمد علی خان، مس شاہین سلطان۔

اعلیٰ عہدیداران:- ذوالفقار علی خان (صدر)، خلیل احمد خان (سینئر نائب صدر)، مرزا محمد آصف اقبال (نائب صدر)۔

ایگزیکٹو کمیٹی نے چیمبر میں غیر جانبدارانہ انتخابات کے انعقاد کیلئے الیکشن کمیشن کے اراکین کے طور پر درج ذیل ناموں کی منظوری بھی دے دی ہے۔

1- جناب سعید اللہ خان، خان ٹریڈرز، بالمقابل مائیکرو ویو ٹاور، تونسہ 2- جناب محمد اسحٰق بھٹہ، محمد اسحٰق بھٹہ کمیشن ایجنٹ، غلہ منڈی، میر پور بھاگل، کوٹ ادو 3- جناب غلام مصطفیٰ، مصطفیٰ ٹریڈرز، کالا کالونی انڈس ہائی وے، ڈیرہ غازیخان

ضروری نوٹ: چیمبر ہذا کے صرف وہی ممبران اس الیکشن میں حصہ لے سکتے اور ووٹ ڈال سکتے ہیں جو الیکشن شیڈول کی منظوری سے دوسال قبل چیمبر کے ممبر بن چکے ہوں اور انہوں نے سال 2026-2027 کی اپنی ممبر شپ فیس ادا کر دی ہو۔ ووٹرز لسٹ میں درج کردہ نمائندگی کے مطابق نمائندگان کو ووٹ ڈالنے کیلئے خود دفتر چیمبر میں آنا پڑے گا۔ ووٹرز صاحبان سے درخواست ہے کہ ووٹنگ والے دن شناخت کیلئے چیمبر کا ممبر شپ کارڈ، اپنا اصل شناختی کارڈ، قومی پاسپورٹ اور ڈرائیونگ لائسنس میں سے کوئی ایک دستاویز اپنے ہمراہ لائیں۔ گزشتہ سال کی داخل کردہ انکم ٹیکس ریٹرن کے عدم ثبوت کی صورت میں ووٹ دینے کی اہلیت حاصل نہ ہو سکے گی لہذا جن ممبران نے اپنی انکم ٹیکس ریٹرن داخل کرانے کا ثبوت ابھی تک چیمبر میں جمع نہیں کرایا وہ ایک ہفتے کے اندر اپنی ٹیکس ریٹرن جمع کرا دیں نیز الیکشن میں حصہ لینے والے امیدوار حضرات درخواست فارم کے ساتھ اپنی انکم ٹیکس ریٹرن بھی لف کریں۔ نامزدگی فارم بنام سیکریٹری جنرل چیمبر مقررتاریخ اور اوقات میں وصول کئے جائیں گے۔ درخواست فارم صرف بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک / کورئیر سروس یا دستی وصول کیا جائے گا۔ بوقت جانچ پڑتال فارم نامزدگی نامکمل ہونے کی صورت میں قابلِ قبول نہ ہوگا مزید تفصیلات دفتر چیمبر سے دفتری اوقات کے دوران حاصل کی جاسکتی ہیں۔ شکریہ!

(محمد مجاہد)
سیکرٹری جنرل

SECRETARY GENERAL
Chamber of Commerce & Industry D.G.Khan